# Noble Quran القُرآن الحَکِیمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

## سورۃ الطارق

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

| | |
|---|---|
| قسم ہے آسمان کی، اور اندھیرا پڑے آنے والے کی۔ | .1 |
| اور تو کیا سمجھا کون ہے اندھیرا پڑے آنے والا؟ | .2 |
| وہ تارا چمکتا۔ | .3 |
| کوئی جی (نفس) نہیں جس پر نہیں ایک نگہبان۔ | .4 |
| اب دیکھ لے آدمی، کاہے سے بنا (کس چیز سے پیدا ہوا)؟ | .5 |
| بنا (پیدا ہوا) ایک اچھلتے پانی سے، | .6 |
| جو نکلتا ہے پیٹھ اور چھاتی کے بیچ سے۔ | .7 |
| بیشک وہ اس کو پھیر (دوبارہ) لا سکتا ہے، | .8 |
| جس دن جانچے جائیں بھید، | .9 |
| تو کچھ نہ ہو گا اس کو زور، نہ کوئی مدد کرنے والا۔ | .10 |

| | |
|---|---|
| قسم ہے آسمان چکر مارنے (لگاتار بارش برسانے) والے کی، | .11 |
| اور زمین دراڑ کھانے والے کی۔ | .12 |
| یہ بات (کلام الٰہی) دوٹوک ہے، | .13 |
| اور نہیں یہ بات ہنسی کی۔ | .14 |
| البتہ وہ لگے ہیں ایک داؤ کرنے میں، | .15 |
| اور میں لگا ہوں ایک داؤ کرنے میں۔ | .16 |
| سو ڈھیل دے منکروں کو، ڈھیل دے ان کو صبر کر (ذرا کی ذرا)۔ ********* | .17 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com